21595 ـ میت کے زیرناف اور بغلوں کےبال صاف کرنے اور مونچھیں کاٹنے کا حکم

سوال

کیا میت کے زیرناف اور بغلوں کے بال اور مونچھیں کاٹنی جائز ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

میت کی مونچھیں اور ناخن کاٹنے مستحب ہیں، لیکن زیرناف بال صاف کرنے اور بغلوں کے بال اکھاڑنے کے متعلق شرعی دلیل کا مجھے علم نہیں ہے، اولی یہی ہے کہ اسے ترک کر دیا جائے، کیونکہ یہ چیز مخفی ہے اور مونچھوں اور ناخنوں کی طرح ظاہر نہیں.

دیکھیں: کتاب مجموع فتاوی ومقالات متنوعۃ لسماحۃ الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز رحمہ اللہ (13 / 114).

اور شیخ رحمہ اللہ تعالی سے یہ بھی سوال کیا گیا کہ:

کیا میت کے ناخن یا اس کی مونچھیں کاٹی جائیں گی؟

تو شیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا:

اس کی کوئی دلیل نہیں ہے، اور اگر اسے کاٹا جائے تو اس میں حرج بھی کوئی نہیں، بعض علماء کرام نے ناخن اور مونچھیں کاٹنا تو بیان کیا ہے، لیکن میت کے زیرناف بال مونڈنا مشروع نہیں کیونکہ اس کی کوئی دلیل نہیں ملتی.

واللہ اعلم .